Syngenta Group

# سنجینٹا گروپ کا کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق)

## دفتری ماحول اور کام کی جگہ پر اخلا قی اورذمہ داری کے ساتھ اپنے کام کوسر انجام دینے کا ہمارا عزم





# سنجینٹا گروپ کا کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق)

## دفتری ماحول اور کام کی جگہ پر اخلا قی اورذمہ داری کے ساتھ اپنے کام کوسر انجام دینے کا ہمارا عزم

## عنوان


2 [illegible]
4 تعارف
6 قانون
12 کاروباری سالمیت
18 سوسائٹی
22 سائنس، پروڈکٹس اور حقوقِ املاک
28 لوگ
32 کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کی تعمیل

# ہمارے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا پیغام

پائیدار زراعت میں ایک عالمی رہنما کے طور پر، ہم جدید ٹیکنالوجی، خدمات اور حل فراہم کر رہے ہیں تاکہ کسانوں کو عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی آبادی کو خوراک دینے کے لیے کم وسائل کے ساتھ زیادہ ترقی کرنے کے قابل بنایا جا سکے، جبکہ آب و ہوا اور ماحولیاتی اثرات کو کم کیا جا سکے۔ ہم زراعت کو تبدیل کر رہے ہیں اور عالمی سطح پر کسانوں کے لیے طویل مدتی پیداوار اور خوشحالی اور زمین کے لیے خود کو برقرار رکھنے کی صلاحیت کے لیے کوشش کررہے ہیں -

ہم اس مقصد کو صرف اخلاقیات اور دیانتداری کے اعلیٰ ترین معیاروں پر کام کر کے حاصل کر سکتے ہیں، ایک "بولنے کی آزادی" کے ماحول کو فروغ دے کر جو Syngenta فیملی کے ہر فرد کو بلا خوف خدشات کے اظہار کی ترغیب دیتا ہے۔ یہ شفافیت اور کھلے پن کے لیے ہماری وابستگی ہے — ہمارے صارفین، ہمارے شراکت داروں، ہماری کمیونٹیز اور ہمارے سیارے کے لیے۔ یہ ہماری طویل مدتی کامیابی اور ساکھ کی کلید ہے۔

ہمارا ضابطہ اخلاق صرف اصولوں اور پالیسیوں کے سیٹ سے زیادہ ہے۔ یہ ہماری اقدار اور ہمارے ہر کام میں اپنی کاروباری، سماجی اور ماحولیاتی ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے ہماری لگن کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ ایک رہنما ہے جو ہمیں درست فیصلے کرنے میں مدد کرتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ مشکل ہی کیوں نہ ہوں، اور ہمیں حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ ہم اپنے کام میں جدت اور پائیداری کو آگے بڑھاتے ہیں۔ مزید برآں، یہ ہمیں اعتماد، احترام اور تعاون کے کلچر کو پروان چڑھانے میں مدد کرتا ہے، جہاں ہم اپنے مقصد اور اصولوں کے مطابق اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔


ہمارا ضابطہ اخلاق ہم سب پر لاگو ہوتا ہے، چاہے ہمارا کردار یا مقام کچھ بھی ہو۔ میں توقع کرتا ہوں کہ Syngenta کا ہر ملازم بغیر کسی استثناء کے کوڈ کو جانے، سمجھے اور لاگو کرے گا۔ اگر آپ ان معیارات کی خلاف ورزی کا مشاہدہ کرتے ہیں، تو آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اسے فوری طور پر رپورٹ کریں گے۔ Syngenta کسی ایسے شخص کے خلاف انتقامی کارروائی کو برداشت نہیں کرتا جو نیک نیتی سے ضابطہ اخلاق کی مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دیتا ہے۔



میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ ضابطہ اخلاق کو غور سے پڑھیں اور اسے اپنے روزمرہ کے کام میں بطور حوالہ استعمال کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات یا شبہات ہیں، تو براہ کرم اپنے لائن مینیجر، ہیومن ریسورس بزنس پارٹنر، لیگل کونسل، ایتھکس چیمپئن یا کمپلائنس ہیلپ لائن* سے رابطہ کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کری ں۔

ہر روز اپنے ضابطہ اخلاق کے مطابق زندگی گزار کر، ہم یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ہم ایک ایسی کمپنی ہیں جو ہمارے کاروبار، ہمارے معاشرے اور ہمارے سیارے کے لیے صحیح کام کرتی ہے۔ ہم ایک ساتھ مل کر Syngenta گروپ کو کام کرنے کے لیے ایک بہترین جگہ، سب کے لیے ایک قابل اعتماد پارٹنر، اور زراعت میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے ذریعے جدت میں سرفہرست ہے ۔

ہماری کامیابی میں آپ کی لگن اور شراکت کے لئے آپ کا شکریہ۔



**جیف رو**
یاگزٹکیو آیفسر

*تعمیل ہیلپ لائن تک رسائی کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں:www.syngentacompliancehelpline.com.



# تعارف

**سنجینٹا گروپ کا کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کا تعارف**

ہم کاروبار، ماحول، معاشرتی اور کام کی جگہ پر اخلاقی اور ذمہ داری کے ساتھ کام کرنے اور اس پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) ان اسٹینڈرڈز کو سیٹ کرتا ہے جس کے ذریعہ ہم اپنے طرز عمل اپنے برتاؤ کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ان سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں اور جن کی ہم اپنے سپلائرز اور شراکت داروں سے بھی توقع کرتے ہیں۔ کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کا اطلاق سنجینٹا گروپ اور ان کمپنیوں پر ہوتا ہے جن کی مکمل ملکیت خود سنجینٹا گروپ کی ہے یہ وہ اس کے زیر کنٹرول میں ہیں۔ سنجینٹا گروپ کی دیگر کمپنیوں کو بھی کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) اور اس کی پالیسیوں پر عمل کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

**مینیجر کی ذمہ داریاں**

سنجینٹا گروپ کے تمام مینیجرز اور اس کی کمپنیوں کے مینیجرز ("سنجینٹا گروپ مینیجرز") کو اپنی مثال آپ کے طور پر اپنے آپ کو پیش کرنا اور بیرونی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ معاملات طے کرنے ہوں گے اور کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کے مطابق اپنی ٹیموں کی رہنمائی کرنی ہوگی۔

سنجینٹا گروپ مینیجرز کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ سنجینٹا گروپ ملازمین، عارضی عملہ اور ٹھیکیداروں کے ملازمین کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کو پڑھ کر، سمجھ چکے ہیں اور ان کو اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں میں لاگو کر رہے ہیں۔ وہ اس کا عمل اپنی اخلاقیات کا روز مرہ سرگرمیوں میں باقاعدہ مظاہرہ کرکے، ٹریننگ فراہم کرنے اور اپنی ٹیم کو مکمل سپورٹ دینے ان کی ہر وقت مدد کے لیے تیار کے ذریعے کرسکتے ہیں۔ مینیجر کو یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ ٹھیکیدار اور عارضی کارکنان، خاص طور پر وہ لوگ جو ہماری سائٹوں پر کام کرتے ہیں یاہمارے ملازمین کے ساتھ منسلک ہیں، وہ سنجینٹا گروپ کی اخلاقی اور حفاظتی توقعات کے مطابق عمل کر رہے ہیں۔



سنجینٹا گروپ مینیجرز کو ایک محفوظ ماحول پیدا کرنا ہوگا تاکہ سنجینٹا گروپ کے کسی ملازمین کو کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کی کسی ممکنہ خالف ورزی کے بارے میں کوئی تشویش نظر آتی ہے۔ یا کوئی اطلاع موصول ہوتی ہے تو، انہیں فورا گمپلائنس آفیسر کو اس کی اطلاع دے سکیں اور ان کو اس معاملے پر بولنے یا اپنی آواز اٹھانے میں کوئی دقت پیش نہ ہو۔

**ملازمین کی ذمہ داریاں**

سنجینٹا گروپ کے تمام ملازمین اور اس کی کمپنیوں کے ملازمین ("سنجینٹا ملاز مین") جہاں کہیں بھی کام کرتے ہیں، انہیں کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کو پڑھنا، سمجھنا اور اس کو لاگو کرنا ہوگا۔

سنجینٹا ملازمین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کام میں کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کو لاگو کرتے وقت اس کے طریقہ کار یا اگرکوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کے بارے میں کوئی خلاف ورزی دیکھتے ہیں یا اس کے بارے میں تشویش رکھتے ہوں تو ان سب کے بارے میں آواز اٹھائیں۔ سنجینٹا ملازمین اپنے مینیجرز، یا کمپلائنس، قانونی یا ہیومن ریسورسز ٹیم کے ممبران سے بات کرسکتے ہیں۔ بات چیت کرنے سے کوئی بھی یا کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی نہیں ہوگی۔



# قانون

انڈسٹری لیڈر کی حیثیت سے، ہم اپنی ذمہ داریوں کو بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ ہم شفاف اور ذمہ دار ہیں اور تمام قابل اطلاق قوانین پر عمل کرتے ہیں، اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ملازمین کو ان کے کردار سے متعلقہ قوانین کی مکمل آگاہی ہو۔

ہم آزاد اور منصفانہ عالمی تجارت کو فروغ دینے کے مقصد سے قومی اور بین الاقوامی قانون سازی کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔



1 قانونی کمپلائنس

2 مسابقتی قانون

3 رشوت اور بدعنوانی

4 سیکیورٹیز ٹریڈنگ (اندرونی ڈیلنگ)

5 صحت، تحفظ اور ماحول

# قانون

## 1
## قانونی کمپلائنس

**سنجینٹا گروپ تمام قابل اطلاق قوانین، قومی اور بین الاقوامی ضابطوں اور کنونشنز پر مکمل عمل کرتا ہے۔**

ہم قومی اور بین الاقوامی تمام قوانین اور صنعتی عمل پر لاگو ہونے والے تمام ضابطوں پر عمل کرتے ہیں جو ہمارے کام پر لاگو ہوتے ہیں۔

ہم اس بات سے واقف ہیں کہ کچھ قوانین نہ صرف کسی خاص ملک یا علاقے میں تجارتی سرگرمیوں پر لاگو ہوتے ہیں، بلکہ کچھ دوسری سرگرمیوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں، جس کا خاص اثر اس ملک یا علاقے میں مسابقت پر بھی پڑتا ہے۔

## 2
## مسابقتی قانون

**سنجینٹا گروپ اپنے ملازمین سے مسابقتی قانون پر عمل کرنے کی توقع کرتا ہے۔**

ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ جہاں بھی کاروبارہو وہاں تمام کاروباری طریقوں پر مسابقتی قانون کی مکمل تعمیل ہونی چاہیے۔

مسابقتی قوانین عموما کاروباری طرز عمل اور تمام کاروباری انتظامات پر لاگو ہوتے ہیں، چاہے وہ تحریری ہو، زبانی ہو یا کسی اور شکل میں بھی ہوں۔

مسابقتی قوانین عام طور پر سنجینٹا گروپ کی کمپنیوں کے مابین کاروباری لین دین پرلاگو نہیں ہوتے ہیں۔

## 3
## رشوت اور بدعنوانی

**سرکاری عہدیداروں یا دوسرے فریق ثالث کی مدد سے سنجینٹا گروپ کے تمام معاملات کو پوری ایمانداری کے ساتھ انجام دیا جانا اور قابلِ اطلاق قومی قوانین اور بین الا قوامی کنونشنز پر عمل کرنا ضروری ہے۔**

ہم کسی سرکاری عہدیدار، سپلائرز یا کسی اور کو غیر مناسب طور پر متاثر کرنے کے مقصد سے یا سازگار فیصلہ کرنے کے مقصد سے، براہ راست، یا فریق ثالث کی مدد سے، کسی بھی غیر قانونی ادائیگی، لالچ یا قدر کی کوئی چیز فراہم نہیں کرتے ہیں۔

## 4
## سیکیورٹیز ٹریڈنگ (اندرونی ڈیلنگ)

**سنجینٹا گروپ مادی یا غیر عوامی معلومات کی بنیاد پر سیکیورٹیز کے کاروبار پر پابندی عائد کرتا ہے۔**

سنجینٹا ملازمین کو ذاتی فائدہ یا کسی اور کے ذاتی مفاد کے لئے مادی یا غیر عوامی معلومات کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

ہم کسی کے سامنے، چاہے ان میں دوست ہو، اہل خانہ ہو، کسٹمرز یا سپلائزر شامل ہوں کسی کے سامنے مادی یا غیر عوامی معلومات کا انکشاف نہیں کریں گے۔ اگر کسی ملازم کو مادی یا غیر عوامی معلومات حاصل کرتے ہوئے پایا گیا تو، سنجینٹا گروپ اس ملازم کو ایسی معلومات پر تجارت کرنے، یا بصورت دیگر اس سے فائدہ اٹھانے کی ممانعت کرتا ہے۔

# قانون

## 5
## صحت، تحفظ اور ماحول

**سنجینٹا گروپ صحت، حفاظت اور ماحولیاتی (ایچ ایس ای) میں اعلیٰ اسٹینڈرڈز لاگو کرتا ہے۔**

ہمارا مقصد ماحول کی حفاظت اور اپنے ملازمین اور دوسروں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ تمام معاملات اور سہولیات کو مناسب ایچ ایس ای طریقہ کار کے مطابق کرنا لازمی ہے۔

ہم سنجینٹا گروپ کے تمام ملازمین کے لیے ایک محفوظ اور صحتمند کاروباری ماحول فراہم کرتے ہیں اور ایک تہذیب تیار کرنے کے لئے سنجینٹا گروپ ملازمین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں جو ہر ملازم کو ایچ ایس ای کے لیے ذاتی ذمہ داری اٹھانے کی ترغیب دیتا ہے۔ ہر سنجینٹا ملازم کا فرض ہے کہ وہ اپنے کام کی جگہ پر ایچ ایس ای کے تمام قواعد پر عمل کرے۔

ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ایچ ایس ای کے غور و فکر کو تمام سرگرمیوں میں ضم کیاجائے اور سنجینٹا گروپ اپنے ملازمین کو اس کے حصول کے لیے مناسب ٹریننگ اور دیگر معاونت بھی فراہم کرتا ہے۔

ہم ایچ ایس ای کی کارکردگی پر کھلی گفتگو کرتے ہیں اور دلچسپی رکھنے والی پارٹیوں کے ساتھ بات چیت بھی کرتے ہیں۔





# کاروباری سالمیت

ہم ہمیشہ صداقت، دیانتداری اور سالمیت کے اعلی ترین معیار کو برقرار رکھتے ہیں۔ اس سے ہمیں اپنے اسٹیک ہولڈرز کا اعتماد حاصل ہوتا ہے اور ہماری ساکھ کی بھی بہتر ہوتی ہے۔

اس کے ذریعے، ہم اس بات پر بڑا فخر کر سکتے ہیں کہ ہم اپنے کاروبار کو کس طرح چلاتے ہیں اور معاشرے میں اپنے کردار کو کس طرح انجام دیتے ہیں، اور تمام سنجینٹا ملازمین کو ان معیارات کو لاگو کرنا چاہیے۔



6 اشتہار بازی، فروختگی اور مارکیٹنگ کا طریقہ کار

7 تحائف، سروسز اور تفریح کی پیشکش کرنا اور قبول کرنا

8 سیاسی معاونت

9 قانون منظور کرانا

10 متنازع علاقوں میں کام کرنا

11 جانوروں کی جانچ

12 دستاویزات کے فرائض اور معیارات کا معاہدہ

13 مفادات میں تضاد

# کاروباری سالمیت

## 6
## اشتہار بازی، فروختگی اور مارکیٹنگ کا طریقہ کار

**سنجینٹا گروپ اپنے اشتہار، فروختگی اور مارکیٹنگ کی سرگرمیوں کو اخلاقی طور پر اور اشتہاری طریقوں سے تمام قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں کی تعمیل میں، خاص طور پر اقوام متحدہ کے فوڈ اینڈ ایگرکلچر آرگنائزیشن برائے کیڑے مار ادویات کی تقسیم اور استعمال کے بارے میں بین الاقوامی کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) پر مکمل عمل کیا جاتا ہے۔**

ہم سنجینٹا گروپ اور اس کی کمپنیوں کو اور اپنی پروڈکٹس اور سرو سز کا معیار اور کارکردگی ایمانداری کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ مسابقاتی پروڈکٹس کے ساتھ موازنہ، جہاں قانونی طور پر اجازت ہے، مکمل طور پر حقائق پر مبنی معلومات ہوتی ہیں۔

## 7
## تحائف، سروسز اور تفریح کی پیشکش کرنا اور قبول کرنا

**سنجینٹا گروپ کے تحائف، سروسز اور تفریح کو مکمل طور پر مناسب اور قانونی کاروباری طور پر منظوری دیتا ہے۔**

روایتی طریقوں اور قابل اطلاق قانون کے مطابق ہونے پر ہی ہم صرف تحائف، تفریح یا بلا معاوضہ سروسز فراہم کرتے ہیں۔

سنجینٹا ملازمین صرف تحائف، تفریح یا ذاتی احسانات کو قبول کرتے ہیں جو رواج کے طریقوں کے مطابق ہوں اور وہ ہمارے کاروباری فیصلوں کو غیر یقینی طور پر متاثر نہ کرتے ہوں۔

ہم دوسرے لوگوں کو بائی پاس کرنے کے لیے مذکورہ بالا میں سے کسی کا بھی استعمال نہیں کرتے ہیں۔

## 8
## سیاسی معاونت

**سنجینٹا گروپ اور اس کی کمپنیوں کے ذریعہ کسی بھی سیاسی شراکت کی پیشگی منظوریلینی ہوگی اور متعلقہ اندرونی رہنمائی کی مکمل ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔**

ہم قابل اطلاق قومی قانون کے مطابق، اور متعلقہ سنجینٹا گروپ بزنس پائیداری محکمہ، ملکی مینیجر یا سیاسی مہم کمیٹی کی پیشگی منظوری کے مطابق سیاسی چندہ کے لیے ہی سنجینٹا گروپ کے فنڈز کا استعمال کرتے ہیں۔

## 9
## قانون منظور کرانا

**۔سنجینٹا گروپ ایسے مضامین پر سیاسی بحث میں کر سکتا ہے جو اس گروپ کے اہداف کو آگے بڑھاتے اور اس کی کمیونٹیز کو بہتر بناتے ہیں جہاں پر ہم کام کرتے اور رہتے ہیں۔**

ہم قانون منظوری کی سرگرمیوں پر سخت اندرونی کنٹرول برقرار رکھتے ہیں اور ان پر دیانتداری، تکمیل، احترام، معلومات کی درستگی اور شفافیت کے ذریعہ رہنمائی کردہ، مقامی قانون کے مطابق پوری طرح عمل کرتے ہیں۔

سنجینٹا گروپ کے لیے کسی بیرونی ایجنسیوں کے ذریعہ یا ہماری انڈسٹری ایسوسی ایشن کے ذریعہ مقرر کی جانے والی کسی بھی قسم کی قانون منظوری کی سرگرمیوں پر انہی اصولوں کے ذریعہ رہنمائی کی جاتی ہے۔

# کاروباری سالمیت

## 10
## متنازع علاقوں میں کام کرنا

**سنجینٹا گروپ صرف وسیع تر آبادی کے مفاد کے لئے متنازع علاقوں میں کام کرتا ہے۔**

ہم اس کے ہر ایک کیس کی بنیاد پر اس بات کا جائزہ لیں گے کہ آیا سنجینٹا گروپ کے آبادی کے وسیع تر مفادات میں ہے یا نہیں اس کی زرعی پیداوار کو برقرار رکھنے اور مناسب خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے مصنوعات اور سروسز کی فراہمی جاری رکھنے کے لئے یہ سب کریں گے۔

ہم اقوام متحدہ کی طرف سے عائد پابندیوں کی خلاف ورزی نہیں کرتے ہیں۔

## 11
## جانوروں کی جانچ

**سنجینٹا گروپ جانوروں کے مطالعے کا استعمال صرف مناسب صورت میں کرتا ہے اور اس کا مقصد متبادل تکنیک تیار کرنا ہوتا ہے جو جانوروں کے استعمال کو کم سے کم کرتا ہے۔**

ہم جانوروں کی دیکھ بھال اور ان کے استعمال کے لئے ایک انسانی اور ہمدردانہ انداز اپناتے ہیں اور اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار کے مطابق کام کرتے ہیں۔

سنجینٹا ملازمین ہمیشہ اور ہر جگہ مناسب جانوروں کے استعمال کی ضرورت کے طریقۂ کار میں متبادل طریقوں کے بارے میں سوچتے ہیں۔

## 12
## دستاویزات کے فرائض اور معیارات کا معاہدہ

**سنجینٹا گروپ اپنی معاہدہ کی ذمہ داریوں کا احترام کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ لین دین قانونی تقاضوں اور قابل اطلاق اکاؤنٹنگ کے معیار کے مطابق بر وقت اور درست دستاویزات کے مطابق ہو۔**

سنجینٹا ملازمین سنجینٹا گروپ کے معاہدہ کی ذمہ داریوں کے پابند نہیں ہوں گے کیوں کہ وہ لوگ ملازم کی انٹرنل اتھارٹی کے دائرہ کار سے باہر ہیں۔

ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ کمپنی کی تمام رپورٹس، ریکارڈز اور اکاؤنٹس قابل اطلاق قوانین اور کمپنی کے اختیار کردہ متعلقہ معیارات کے مطابق تیار کردہ ہیں اور مناسب طریقے سے محفوظ شدہ ہیں۔

## 13
## مفادات میں تضاد

**کاروباری لین دین کو سنجینٹا گروپ کے بہترین مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے انجام دیا جاتا ہے۔**

سنجینٹا ملازمین کسی ایسے کاروباری موقع سے فائدہ نہیں اٹھاتے جو سنجینٹا گروپ کے مفادات کے برخلاف ہو۔ انہوں نے بیرونی ملازمت، کاروباری سرگرمی یا سرمایہ کاری کا کوئی کام نہیں کیاہو جس سے سنجینٹا گروپ کو اپنی ذمہ داریاں نبھانے کی صلاحیت میں مداخلت ہو۔

ہم کسی فرد یا کسی تنظیم کو سنجینٹا گروپ سے یا کسی سنجینٹا ملازم سے تعلقات کے ذریعہ ناجائز فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دیتے ہیں۔ مساوی طور پر، سنجینٹا کا کوئی بھی ملازم ذاتی طور پر کسی دوسرے فرد یا دوسری تنظیم کے ساتھ تعلقات بناکر ناجائز طریقے سے اس کا فائدہ نہیں اٹھا سکتا ہے۔



# سوسائٹی

ہم معاشرے میں مثبت تعاون کرنے اور لوگوں کے خدشات کو سننے اور ان کا جواب دینے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔

انڈسٹری لیڈر کی حیثیت سے، ہم اپنی کمپنی، اپنے ساتھیوں اور معاشرے کے ساتھ جس طرح کا روایہ اختیار کرتے ہیں ہم اس پر فخر کرسکتے ہیں۔




14 ماحولیاتی اثر

15 حیاتیاتی تنوع

16 کمیونیٹیز

17 اسٹیک ہولڈر مواصلات

# سوسائٹی

## 14
## ماحولیاتی اثر

**سنجینٹا گروپ ماحولیاتی مسائل کا جائزہ لے کر جواب دیتا ہے۔**

ہم سائنس، ماحولیاتی، زرعی، اقتصادی، سماجی اور تجارتی کاموں سے متعلق ذمہ داری کے ساتھ پانی، زمین اور ہوا سمیت قدرتی وسائل کے معیار اور مقدار کو محفوظ کرنے کے لیے تمام مراحل پر عمل کرتے ہیں۔

ہمارا مقصد، قابل اطلاق قوانین، بین الاقوامی ہدایات اور انڈسٹری معیارات پر عمل کر کے اپنے آپریشنز سے ہونے والے ماحولیاتی اثر کو کم سے کم کرنا ہے۔

ہم پوری سرگرمی کے ساتھ اپنے کسٹمرز اور دوسرے شراکت داروں کو ہماری طرف سے موصول ہونے والے پروڈکٹس کو محفوظ اور ماحولیاتی طریقے سے سنبھالنے میں ان کی کوششوں کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔

## 15
## حیاتیاتی تنوع

**سنجینٹا گروپ اس بات سے آگاہ ہے کہ اس کا کاروبار مختلف اقسام کے پیر پودوں اور جانوروں پر منحصر ہے جسے حیاتیاتی تنوع کے نام سے جانا جاتا ہے۔**

ہمارا مقصد موجودہ پروڈکٹس استعمال کرنے کے لیے نئے پروڈکٹس کے ساتھ نئے طریقوں کو فروغ دینا ہے، جو حیاتیاتی تنوع کی حفاظت کر کے ان میں اضافہ کرے۔

ہم حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور پائیدار استعمال کے اصولوں کی تائید کرتے ہیں اور جینیاتی وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد کا منصفانہ اور مساویانہ اور کارٹجینا پروٹوکول میں ارتھ 1992 اشتراک سومیٹ پر رایو ڈی جنیریو میں اپنائے گئے حیاتیاتی تنوع ("حیاتیاتی تنوع") کنوینشن میں متعین کردہ اصولوں پر کاربند ہیں۔

سنجینٹا ملازمین بایوپریسی یا غیر قانونی بایو سورسنگ کی کسی بھی کارروائی میں شامل نہیں ہوں گے۔

## 16
## کمیونیٹیز

**سنجینٹا گروپ ان کمیونٹیز میں شرکت کے لیے پرعزم ہیں جہاں وہ کام کرتے ہیں۔**

جہاں کہیں بھی ہم کام کرتے ہیں، تو ہم مقامی رسوم و رواج کے متعلق کمیونٹی کے لیے اقتصادی، صحت اور سماجی فوائد بناکر اچھی شرکت کرتے ہیں، اور ہم لوگوں کے معاملات سننے اور ان کا جواب دینے کے لیے ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔

## 17
## اسٹاک ہولڈرز مواصلات

**سنجینٹا گروپ اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اعتماد اور افہام و تفہیم کی فضا پیدا کرتا ہے، جس میں سرمایہ کاران، میڈیا، ریگولیٹرز، حکومتیں اور غیر حکومتی تنظیمیں شامل ہیں۔**

ہم اپنی کمپنی کے اقدار کے مطابق اپنے اہم اسٹاک ہولڈرز کے ساتھ کھل کر بات چیت اور معلومات شیئر کرنے کے عمل پیرا ہیں اور ہم حکومتیں اور میڈیا کی آزادی کا احترام کرتے ہیں۔

سنجینٹا ملازمین مناسب اندورنی کام کے لیے پیشگی رضامندی کے ساتھ ہی سرمایہ کاروں اور میڈیا کے ساتھ بات چیت کرنے میں مشغول ہوتے ہیں۔



# سائنس، پروڈکٹس اور جائیداد کے حقوق

**ہم جدید، قابل اعتماد، اعلیٰ معیار کے پروڈکٹس فراہم کرتے ہیں اور اسٹیک ہولڈرز اور ہمارے پاس ماحول کی حفاظت سے متعلق بھی حفاظتی انتظامات موجود ہیں۔**

**ہمارے لوگوں کی تخلیقی صلاحیت ایسا پروڈکٹس فراہم کرتی ہے جس سے کاشتکاروں کو زراعت کے لئے عالمی چیلنجز کا مقابلہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔**



18 تحقیق اور ترقی

19 پروڈکٹ کی حفاظت، معیار اور منتظم

20 اثاثوں کا تحفظ

21 دانشورانہ املاک کے حقوق

# سائنس، پروڈکٹس اور جائیداد کے حقوق

## 18
## تحقیق اور ترقی

**سنجینٹا گروپ کے ضابطہ تحقیق کا مقصد زرعی پیداوار میں بہتری لانے والی جدید، محفوظ اور قابل بھروسہ پروڈکٹس سے شروعات کرنا اور زندگی کے معیار کو بڑھانا ہے۔**

ہم عوامی طور پر حتمی اور درست طریقے سے تحقیق اور ترقی کے نتائج منظر عام پر لاتے ہیں۔

ہم اپنے پروڈکٹس کے صحیح استعمال سے وابستہ پچھلے نا معلوم مختصر اور طویل مدتی اثرات کے سبھی معتبر رپورٹس کی تحقیق کرتے ہیں اور انہیں کے مطابق مناسب کارروائی کرتے ہیں۔

ہم صرف انہی تنظیموں کے ساتھ سائنسی تحقیق اور ترقی میں تعاون کرتے ہیں جو اس سے ملتے جلتے اخلاقی معیارات کا اطلاق کرتی ہیں۔

ہم تحقیق اور ترقی کے سبھی کاموں میں استحکام کی کوشش کرتے ہیں اور ہمارا مقصد قدرتی وسائل کو محفوظ بنانا اور ان کی حفاظت کرنا ہے۔

سنجینٹا ملازمین انتہائی اعلی اخلاقی اور سائنسی معیارات کا اطلاق کرتے ہوئے مضبوط عمل اور کنٹرولز فراہم کرتے ہیں۔ انہیں سخت سائنسی خطرہ کی شناخت اطلاق کرنے کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی اور اس کے اثرات کے بارے میں وسیع پیمانے پر سماجی معاملات پر متنبہ کیا جائے گیا۔

## 19
# پروڈکٹ کی حفاظت، معیار اور منتظم

**سنجینٹا گروپ ایک پروڈکٹ لائف سائیکل پر جدید ترین سائنس اور ٹیکنالوجی کے معیارات کو نافذ کرکے اور اپنے ملازمین اور کسٹمرز کو مناسب ٹریننگ دینے کو یقینی بناتے ہوئے اپنے پروڈکٹس اور سروسز کے معیار اور حفاظت کو یقینی بناتا ہے۔**

ہم گاہکوں، ٹھیکیداروں، صارفین اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ ہم اپنے پروڈکٹس کے صحیح اور مناسب استعمال اور پروڈکٹ لائف سائیکل پر لاگو ہونے والی احتیاطی تدابیر سمجھنے کو یقینی بنا سکیں۔

ہم احتیاط کے ساتھ خطرات کی نشاندہی بھی کرتے ہیں، استعمال سے وابستہ خطرات کا اندازہ لگاتے ہوئے پروڈکٹ پیکیج، کتابچے اور لیبل پر موجود کسی پروڈکٹ کے غلط استعمال سے برآمد شدہ نتائج سے متنبہ کرتے ہیں۔ پروڈکٹس میں محفوظ ذخیرہ، استعمال اور ڈسپوزل کے متعلق صارف کو واضح ہدایات دی جاتی ہیں۔

سنجینٹا ملازمین سبھی اندرونی معیاروں کو یقینی بنانے کے لیے مکمل جانچ اور طریقے کار پر عمل کریں گے اور قانون سازی اور ریگولیٹری ضروریات پوری کریں گے یا اور ہمارے معیارات کو پورا کرنے یا اس سے تجاوز ہو نے کی صورت میں ہمارے پروڈکٹس کے غلط استعمال پر کمپنی انتظامیہ کو ناکامی کے بارے میں فوری طور اطلاع دیں گے۔

# سائنس، پروڈکٹس اور جائیداد کے حقوق

## 20
## اثاثوں کا تحفظ

**سنجینٹا گروپ دوسروں کے املاک کے حقوق کا احترام کرتا ہے اور زبر دست طریقے سے اپنے املاک کے حقوق کا بھی دفاع کرتا ہے۔**

ہم محفوظ طریقے سے کمپنی کے تمام اثاثوں، املاک اور وسائل کی حفاظت کرتے ہیں اور ان کا اطلاق اور استعمال اپنے ذاتی مفاد کے بجائے صرف کمپنی کے کاروبار اور سرگرمیوں کے لیے کرتے ہیں۔

ہم سنجینٹا گروپ یا سنجینٹا گروپ کی دیگر کمپنیوں سے تعلق رکھنے والے تجارتی رازوں کو خفیہ رکھ کر ان کی حفاظت کرتے ہیں اور ان کا کوئی بھی غیر کاروباری استعمال نہیں کرتے ہیں۔

سنجینٹا گروپ کے اندر بنائی گئی معلومات، بشمول تحقیق اور ترقی، مینوفیکچرنگ ڈیٹا، لاگت، قیمتیں، فروخت، منافع، مارکیٹس، صارفین اور کاروبار کرنے کے طریقوں سے متعلق معلومات سنجینٹا گروپ کی ملکیت ہے اور جب تک کہ قانونی طور پر ضرورت نہیں پڑتی، مناسب اتھارٹی کے بغیر سنجینٹا گروپ کے باہر انکشاف نہیں کیا جائے گا۔

## 21
## دانشورانہ املاک کے حقوق

**سنجینٹا گروپ ایجاد سے متعلق حوصلہ افزائی کرنے کے لئے موثر دانشورانہ املاک (آئی پی) کے تحفظ کو ضروری سمجھتا ہے۔ مؤثر ہونے کے لیے، کسی بھی آئی پی سسٹم کو معاشرے کی ضروریات اور موجد کے مفاد کے درمیان صحیح تواز بنائے رکھنا چاہیے۔**

ہم بھرپور طریقے سے اپنے آئی پی حقوق کی حفاظت کر کے حق جتاتے ہیں اور مقامی قوانین کے مطابق دوسروں کے آئی پی حقوق کا احترام کرتے ہیں۔





# لوگ

ہمارے ملازمین کاروبار کی حیثیت سے ہماری کارکردگی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہماری متنوع پالیسیاں تمام ملازمین کے ساتھ منصفانہ برتاؤ فراہم کرے اور ہمارا ارادہ صداقت، ایمانداری اور دیانتداری کے اعلی ترین اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ بینچ مارکس پر پورا اترے۔



22 مزدور کے حقوق
23 امتیازی سلوک اور ہراساں کرنا
24 تنوع

# لوگ

## 22
## مزدور کے حقوق

**سنجینٹا گروپ مزدور کے تمام قوانین، قومی اور بین الاقوامی ضابطوں اور کنوینشنزپر عمل کرتا ہے اور انسانی حقوق کے عالمی قرارداد اور بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن کے بنیادی کنوینشنز میں متعینہ اصولوں کو برقرار رکھنے کا پابند ہے۔**

ہم متعلقہ لیبر یونینز اور/یا دیگر تنظیموں کے ملازمین کا رکن بننے اور اجتماعی طور پر سودے بازی کرنے کے لیے سنجینٹا ملازمین کے حقوق کو تسلیم کرتے ہیں۔ کارکنان کے نمائندوں کے ساتھ امتیازی برتاؤ نہیں کیا جاتا ہے اور انہیں کام کی جگہ میں اپنے نمائندے کے طور پر فرائض انجام دینے کی مکمل رسائی ہوتی ہے۔

ہم جبری، پابند یا مجبور مزدور کا استعمال نہیں کرتے اور ہم کسی بھی قسم کی بچہ مزدوری والے عمل کے استحصال سے باز رہتے ہیں۔

## 23
## امتیازی سلوک اور حراساں کرنا

**سنجینٹا گروپ کام کے مقام کے ماحول کو امتیازی سلوک اور ہراساں کرنے کے عمل سے پاک رکھنے کا پابند ہے۔ سنجینٹا گروپ میں کامیابی اور ترقی کا انحصار ذاتی صلاحیت اور کام کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔**

ہم نسل، جنس، مذہب، مسلک، قومی نزاد، معذوری، عمر، جنسی رجحان، جسمانی یا ذہنی معذوری، خاندانی حیثیت، سیاسی نظریات یا قانون کے مطابق محفوظ کردہ کوئی دوسری خصوصیات پر مبنی امتیازی سلوک کو برداشت نہیں کرتے ہیں۔

ہم کسی بھی شکل کے ہراسانی کی نفی کرتے ہیں جن میں زبانی، شہوانی، جسمانی، ذہنی اور بصری طور پر ہراساں کرنے، بد سلوکی، ذلت یا دھمکی جیسے عمل شامل ہیں۔

ہر ملازم کو چاہیے کہ وہ ساتھیوں کے حقوق کا احترام کرے تاکہ وہ کام کی جگہ میں کسی بھی طرح کے امتیازی سلوک یا پریشانی سے آزاد رہ سکیں۔

# 24
# تنوع

**Syngenta گروپ تنوع کی قدر کرتا ہے .**
**اور ایک ایسی ثقافت کو فروغ دیتا ہے جو اجازت دیتا ہے .**
**ہر فرد کو اپنا حصہ ڈالنا ہے .**
**ان کی مکمل صلاحیت.**

سنجینٹا گروپ تنوع کی قدر کرتا ہے اور ایسی ثقافت کو فروغ دیتا ہے جو ہر ہر فرد کو اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ شراکت کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

ہم ہر ملازم کے ساتھ ایمانداری، تعظیم، انصاف اور احترام کے ساتھ پیش آتے ہیں۔

ہم جن کمیونٹیز میں کام کرتے اور جن کسٹمرز کے لیے کام کرتے ہیں ان کی، ثقافتوں، عقائد اور ان کے پس منظر کی وسیع رینج کی عکاسی کرنے کے لئے فعال طور پر ملازمین بھرتی کرتے ہیں۔

ہر وہ ملازم جو یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے ساتھ امتیازی برتاؤ یا انہیں پریشان کیا گیا ہے تو ہم ان کی حوصلہ افزائی اس بات پر کرتے ہیں کہ وہ اپنے مینیجرز یا سنجینٹا گروپ تعمیل ہیلپ لائن کے ذریعے اس کی رپورٹ کریں۔ ہم ہر ایک رپورٹ کی غیر جانبدارانہ تحقیق کریں گے اور مناسب اقدامات کے ساتھ ثابت شدہ خلاف ورزیوں کے مطابق کارروائی کریں گے۔

# کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کی تعمیل



## کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کے مطابق عمل کریں

سنجینٹا گروپ کے ہر ملازم کو یہ کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) پڑھنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے اور ان سے ہر سال کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کے عہد نامہ میں اس کی تصدیق کرنے کے لیے بھی کہا جائے گا۔ سنجینٹا گروپ کا تقاضا یہ ہے کہ اس کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کے تحت چلنے والے

سبھی افراد ان دفعات کو سمجھیں اور مکمل طور پر ان کے مطابق عمل کریں۔ سنجینٹا گروپ کے ہر ملازم کو سنجینٹا گروپ کے کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) اور سنجینٹا گروپ کے ذریعہ اختیار کردہ تمام پالیسیوں، ہدایات اور ضابطوں کی لازماًپابندی کرنی ہوگی۔

## آواز اٹھائیں۔ جب کبھی آپ کسی کوکوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے دیکھیں

اگر سنجینٹا ملازم جانتے ہیں یا انہیں یقین ہے کہ کوئی بھی کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) پر عملدرآمد نہیں کر رہا ہے تو سنجینٹا گروپ کے ہر ملازم کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسی وقت اپنی آواز اٹھائیں۔ اور انہیں آواز اٹھانے پر کسی بھی انتقام یا کارروائی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

ملازمین کسی بھی وقت اپنے مینیجرز یا کمپلائنس ٹیم کے اراکین سے بات کر سکتے ہیں۔ ملازمین سنجینٹا گروپ تعمیل ہیلپ لائن، یا خفیہ اطلاع کے لئے اپنی کمپنیوں میں دستیاب ہیلپ لائنیں بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ ہیلپ لائنز ماہر

مشیر کاروں کے ساتھ فریق ثالث تنظیموں کے ذریعے ہفتے میں سات دن 24 گھنٹوں کام کرتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر مترجم بھی مہیا کیا جاتا ہے۔ تفصیلات "سنجینٹا گروپ تعمیل ہیلپ لائن" کے تحت انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں۔

سنجینٹا گروپ کمپلائنس کی خلاف ورزیوں کو سنجیدگی سے لے کر اس پر عملدرآمد کے سبھی معاملات کی صحیح جانچ پڑتال ہو گی۔ اور خلاف ورزی ہونے کی صورت میں مناسب تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

## پالیسیاں اور کمپلائنس ریسورس سینٹر

کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) کے الگ الگ موضوعات کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے، براہ کرم سنجینٹا گروپ کی پالیسیاں اور کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) ملاحظہ کریں۔

آپ کے علاقے میں کمپلائنس اور اس پر عملدرآمد کو فروغ دینے کے بارے میں مزید معلومات آپ کو بہت جلد مہیا کی جائیں گی۔

Syngenta Group



اخلاقیات اور سا لمیت کے اعلی
ترین معیاروں کے لئے صرف
ایک ہی مستحکم عزم ہمیں اپنی
شہرت بنائے رکھنے کے اہل
بنائے رکھتا ہے۔

سنجینٹا گروپ کمپنی لمیٹڈ
شنگھائی، چین۔ سبھی حقوق محفوظ ہیں۔
اشاعت کی اصل تاریخ: 2020